بسم اللہ الرحمن الرحیم
ماشاء اللہ لا قوۃ الا باللہ
اللھم صل وسلم وبارک علی سیدنا ومولانا وحبیبنا محمد النبی الامی وعلی الہ واصحابہ وعترتہ بعدد کل معلوم لک
وبعدد خلقک ورضی نفسک وزنۃ عرشک ومداد کلماتک استغفر اللہ الذی لا الہ الا ھو الحی القیوم واتوب الیہ

سیدنا اسخی الناس صلی اللہ علیہ وسلم

ہمارے سردار جہان سے زیادہ سخی درود و سلام بھیجے اللہ آپ پر

عن محمد بن المنکدر قال سمعت جابر بن عبد اللہ یقول ما سئل رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم شیئًا قط فقال لا۔ (شمائل الترمذی ص۲۵)

قال حسان بن ثابت:

" ما قال لا قط الا فی تشھدہ
لولا التشھد لم تسمع لہ لا لا "

(نسیم الریاض ج۲ ص۳۵)

عن انس رضی اللہ عنہ قال کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اسخی الناس

(رواہ طبرانی فی الاوسط۔ المغنی للعراقی ج۲ ص۳۵۴)

حضرت محمد بن منکدر رضی اللہ عنہ نے کہا میں نے حضرت جابر بن عبد اللہ رضی اللہ عنہ کو فرماتے سنا کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے کبھی کسی شخص کو کوئی چیز مانگنے پر انکار نہیں فرمایا۔

حضرت حسان بن ثابت رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں۔ آپ نے کبھی سوائے کلمۂ شہادت کے لا نہیں فرمایا یعنی لا الٰہ الا اللہ۔ اگر تشہد نہ ہوتا تو کبھی آپ سے لا لا نہ سنا جاتا۔

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم تمام لوگوں سے سخی تھے۔

ربنا تقبل منا انک انت السمیع العلیم
آمین آمین آمین یا رب العلمین